بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فہرست


| | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|
| ● | جامعہ سلفیہ | ۳ |
| ● | جامعہ کے شعبہ جات | ۴ |
| ● | اسناد کی منظوری | ۵ |
| ● | جامعہ سے ملحق مدارس | ۶ |
| ● | دارالاقامہ اور مطعم | ۷ |
| ● | تعلیمی مراحل اور نصاب تعلیم | ۹ |
| ● | جامعہ کا تعلیمی سال اور تعلیم کے اوقات | ۱۹ |
| ● | قواعد داخلہ | ۲۰ |
| ● | داخلہ امتحان کی تیاری کے لئے رہنما خطوط | ۲۲ |
| ● | قواعد وضوابط امتحانات | ۲۴ |
| ● | لائبریری اور درسی کتابوں کی فراہمی | ۲۵ |
| ● | طلبہ کے لئے ضابطۂ اخلاق | ۲۶ |
| ● | مجوزہ پروگرام امتحانات وتعطیلات برائے سال ۱۴۳۰/۱۰-۲۰۰۹ء | ۲۸ |
| ● | داخلہ فارم | |
| ● | خط وکتابت کے لئے پتہ وفون نمبر | ۲۹ |

**الجامعة السلفية** (مرکزی دارالعلوم) بنارس میں داخلہ کے لئے یہ قواعد وضوابط ہیں جن میں حسب ضرورت ترمیم کرنے کا حق جامعہ کو حاصل ہے۔

جامعہ میں نافذ قواعد وضوابط کی پابندی تمام طلبا کے لئے ضروری ہے۔

## فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ

فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ............................................مطابق.................................... ہے۔

# جامعہ سلفیہ

الحمد لله الذي نزل الفرقان على عبده ليكون للعالمين نذيرا، والصلاة والسلام على عبده ورسوله الذي أرسله إلى الناس بشيرا ونذيرا، وعلى آله وصحبه أجمعين، وبعد:

**الجامعة السلفية** (مرکزی دارالعلوم) بنارس ہمارے بزرگوں اوراعیان جماعت اہل حدیث کا دیرینہ خواب ہے، آزادی کے بعد ہندوستان میں رونما ہونے والے واقعات اور حالات نے مہمیز کا کام کیا اور ایک ایسی مرکزی درس گاہ کا قیام ناگزیر ہوگیا، جس میں تفسیر وحدیث، عربی زبان وادب اور دیگر اسلامی علوم وفنون کی اعلی تعلیم کا انتظام ہو نیز تعلیم وتدریس کا اسلوب عصری تقاضوں سے ہم آہنگ ہو، چنانچہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی نوگڑھ کانفرنس ۱۹۶۱ء کی قرارداد کے مطابق مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی سرپرستی میں بروز جمعہ ۱۱؍رجب ۱۳۸۳ھ مطابق ۲۹؍نومبر ۱۹۶۳ء جامعہ سلفیہ کا قیام عمل میں آیا اور بتاریخ ۲۷؍۱۱؍۱۳۸۵ھ مطابق ۲۱؍۳؍۱۹۶۶ء یہاں تعلیم کا آغاز ہوگیا۔

الجامعۃ السلفیۃ کے قیام کے اولین مقاصد میں منہج سلف کے مطابق کتاب وسنت کی تدریس، اسلامی علوم وفنون اور عربی زبان وادب کی تعلیم اور نشر واشاعت، علماء کی ایسی جماعت تیار کرنا جو عالم انسانیت کی صحیح رہنمائی کرسکے، ہندوستان میں مروجہ بدعات اور گمراہ کن عقائد کی بیخ کنی اور کتاب وسنت کی بنیاد پر مسلمانان عالم کے مابین اتحاد اور ہم آہنگی پیدا کرنا ہے۔

اللہ کا شکر ہے کہ جامعہ نے اپنے منصوبوں میں کامیابی حاصل کی، یہاں صحیح طور پر کتاب وسنت کی تعلیم ہوتی ہے، اسلامی علوم وفنون کے ساتھ انگلش اور کمپیوٹر کی تعلیم کا مکمل انتظام ہے تاکہ داعیان حق حالات حاضرہ اور امت مسلمہ کے مسائل سے بخوبی واقف ہوسکیں۔

آج جامعہ سلفیہ عالم اسلام میں ایک معیاری ادارہ کی حیثیت سے معروف ہے۔ یہاں کے فارغ التحصیل طلبہ ملک وبیرون ملک کی یونیورسٹیوں میں تدریسی فرائض انجام دے رہے ہیں اور بحث وتحقیق کے میدان میں امتیازی حیثیت کے حامل ہیں، نیز یہاں کے طلبہ ملک کے تعلیمی اداروں میں جامعہ کا نام روشن کررہے ہیں۔

جامعہ سلفیہ کے ناظم اعلی اور جملہ اراکین اس ادارہ میں آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں، ہمیں خوشی ہے کہ آپ نے یہاں تعلیم حاصل کرنے کا فیصلہ کیا۔ ہماری کوشش ہے کہ جامعہ میں طلبہ کے لئے تعلیم سے متعلق جدید ذرائع فراہم کئے جائیں اور ایک دینی ادارہ میں رہتے ہوئے وہ دینی ودنیاوی دونوں قسم کی معلومات سے آگاہ ہوں، ہمارے یہاں اس کے لئے لائبریری موجود ہے جہاں حسب ضرورت بنیادی مآخذ اور نئی نئی کتابیں منگائی جاتی ہیں، طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے اساتذہ کی نگرانی میں ہفتہ واری تقریری پروگرام اور پندرہ روزہ ثقافتی پروگرام منعقد ہوتا ہے۔

ہم جماعت کے مخلصین اور ہمدردوں کے شکرگزار ہیں کہ ان کی توجہ اور تعاون جامعہ سلفیہ کو بہتر بنانے میں ہمارے ساتھ ہے نیز ہم ان کے مشوروں اور رہنمائی کے لئے ان کے ممنون ہیں اور امید کرتے ہیں کہ مستقبل میں بھی اسی طرح ان کا تعاون ہمارے ساتھ رہے گا۔ اللہ تعالی جامعہ کو مزید ترقی دے اور محسنین کو اجر جزیل سے نوازے، والسلام۔

| | | |
|---|---|---|
| عبداللہ سعود<br>ناظم اعلی | و | جملہ اراکین<br>جامعہ سلفیہ، بنارس |

# جامعہ کے شعبہ جات

**الجامعة السلفية** (مرکزی دارالعلوم) کی تاسیس کے وقت سے یہ کوشش تھی کہ جامعہ میں تعلیم کے ساتھ شعبہ بحث وتحقیق اور شعبۂ افتاء قائم کیا جائے، نیز شعبۂ نشرواشاعت کے ساتھ اس کا اپنا پریس ہو۔

الحمدللہ جامعہ نے امتدادِ زمانہ کے ساتھ ہر میدان میں پیش رفت کی ہے، ایک معیاری ادارہ بنانے کے لئے جن چیزوں کی ضرورت محسوس ہوئی انہیں فراہم کرنے کی کوشش کی گئی، آج جامعہ میں متعدد شعبے قائم ہیں نیز اس کی نگرانی میں کئی تعلیمی ادارے کامیابی سے چل رہے ہیں، طلبہ کے مستقبل اور وقت کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید نئے شعبے کھولنے کی کوشش جاری ہے۔

- دینی مدارس میں پڑھنے والے طلبہ کے سامنے آج کے دور میں بہت سے مسائل ہیں، عصری علوم کو دینی اداروں میں شامل کرنے پر زور دیا جارہا ہے، جامعہ نے اپنے نصاب کو اس طرح مرتب کیا ہے کہ طالب علم علوم شرعیہ میں ماہر ہوکر نکلے، اسی لئے جامعہ میں مرحلۂ عالمیت وفضیلت میں عصری علوم کو شامل نہیں کیا گیا ہے، البتہ انگریزی کی تعلیم تمام درجات میں لازمی طور پر ہوتی ہے، متوسطہ اور ثانویہ کے درجات میں حالات اور ضرورت کے پیش نظر بنیادی عصری علوم مثلاً ریاضی اور ابتدائی سائنس کا اضافہ کیا گیا ہے۔ مذکورہ دونوں مضامین کی تعلیم انگریزی میں دی جاتی ہے تاکہ طلبہ علم ریاضی اور سائنس کے ساتھ انگریزی زبان میں بھی ترقی کریں۔
- تعلیم کے میدان میں بچوں اور بچیوں کا الگ الگ ادارہ چل رہا ہے۔
- جامعہ کے اندر تصنیف وتالیف، تحقیق وترجمہ اور افتاء کے مستقل شعبے قائم ہیں۔
- شعبۂ صحافت کی نگرانی میں دو ماہنامے صوت الامۃ (عربی) اور محدث (اردو) پابندی سے نکل رہے ہیں۔
- انجمن ندوۃ الطلبہ کے زیرنگرانی ''المنار'' کے نام سے ایک پندرہ روزہ مجلّہ (حائطیہ) اور ایک سالانہ میگزین شائع ہوتا ہے۔
- دعوت وتبلیغ کے لئے اساتذہ مختلف پروگراموں میں شرکت کرتے ہیں، شہر اور اطراف کے جلسوں میں سہولت کے مطابق جاتے رہتے ہیں۔
- جامعہ کے پاس اپنا پریس ہے، جہاں چھوٹی بڑی دو جدید مشینیں ہیں اور پریس کے جملہ لوازمات جامعہ کے اندر موجود ہیں، جامعہ کی مطبوعات اپنے پریس میں چھپتی ہیں، مکتبہ سلفیہ (بک شاپ) جامعہ کے اندر موجود ہے، جہاں جامعہ کی مطبوعات کے علاوہ دوسرے مکتبوں کی دینی اور درسی کتابیں موجود رہتی ہیں۔
- جامعہ کے زیرنگرانی کمپیوٹر ٹریننگ کے لئے الگ شعبہ قائم ہے، نیز مختلف کام کمپیوٹر پر بہت پہلے سے ہورہے ہیں، مرکزی لائبریری میں ریسرچ کے لئے کمپیوٹر سیکشن الگ قائم کیا گیا ہے، جامعہ کی لائبریری کا کیٹ لاگ کمپیوٹرائزڈ بھی کیا جارہا ہے، نیز طلبہ سے متعلق تمام ریکارڈ کمپیوٹر میں فیڈ کئے جارہے ہیں۔

● جامعہ سلفیہ کی اپنی عظیم الشان لائبریری ہے، جس میں متعدد زبانوں میں مختلف علوم وفنون پر پچاس ہزار سے زائد کتابیں موجود ہیں، اور مختلف زبانوں کے ملکی اور غیر ملکی جرائد ورسائل اور ماہناموں کی تعداد سو سے زائد ہے، جامعہ کی یہ لائبریری ایک شاندار سہ منزلہ عمارت میں قائم ہے جس میں ایک لاکھ سے زائد کتابوں کی گنجائش ہے، لائبریری میں ایک وسیع سیمینار ہال بھی ہے جس میں بیک وقت چار سو سامعین کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔

● جامعہ میں الحاق کا مستقل شعبہ قائم ہے جو جامعہ سے ملحق مدارس کی نگرانی کرتا ہے، اور تعلیم وتربیت کے میدان میں ان مدارس کی رہنمائی کرتا ہے۔

## اسناد کی منظوری

جامعہ کے تعلیمی معیار کی وجہ سے ہندوستان وبلاد عربیہ کے مشہور اداروں اور یونیورسٹیوں نے اس کی اسناد کو منظور کیا ہے، چنانچہ سعودی عرب کی ام القری یونیورسٹی ( مکہ مکرمہ ) جامعہ اسلامیہ (مدینہ منورہ)، کنگ سعود یونیورسٹی (ریاض)، محمد بن سعود اسلامک یونیورسٹی (ریاض) قطر شریعہ کالج وغیرہ اداروں میں جامعہ کی عالمیت کی ڈگری سے طلبہ کو داخلہ ملتا ہے، اول الذکر تین یونیورسٹیوں میں جامعہ کی ثانویہ کی سند سے بھی بعض طلبہ کا داخلہ ہوا ہے۔

ملک کے اندر تین یونیورسٹیوں میں جامعہ کی اسناد منظور ہیں، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں عالمیت کی سند .B.A میں داخلہ کے لئے اور فضیلت کی سند .M.A (عربی) میں داخلہ کے لئے منظور ہے، عالمیت کی بنیاد پر طالب علم کو اجمل خاں طبیہ کالج (علی گڈھ مسلم یونیورسٹی) کے پری طب ٹسٹ میں بھی شرکت کی اجازت ہے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی اور لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ میں عالمیت کی سند سے .B.A میں اور فضیلت کی سند سے .M.A عربی میں داخلہ ملتا ہے، اسی طرح جامعہ ہمدرد دہلی میں فضیلت کی سند پری طب کے امتحان مقابلہ کے لئے منظور ہے۔ جامعہ سے فارغ ہوکر ملک کی یونیورسٹیوں میں جانے والے طلبہ کے نتائج بالعموم اچھے ہوتے ہیں۔

جامعہ کے طلبہ کے مستقبل کا خیال کرتے ہوئے جامعہ نے اپنے ادارہ ''المنار بوائز اسکول'' میں فاصلاتی کورس کا سنٹر قائم کیا ہے، جس میں خواہش مند طلبہ جامعہ میں قیام کے دوران داخلہ لیکر مزید ترقی کی راہ ہموار کر سکتے ہیں۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایک فاصلاتی تعلیمی نظام کے تحت سنٹرل حکومت کی یونیورسٹی ہے، جہاں سے .B.A، .M.A، B.Com، M.Com ودیگر ڈگریاں آسانی سے گھر بیٹھے حاصل کی جاسکتی ہیں، یہ اردو زبان میں کتابیں فراہم کرتی ہے اور ذریعہ تعلیم اردو ہے، جامعہ نے کوشش کی ہے کہ اس کی اپنی بلڈنگ میں جو جامعہ سے قریب واقع ہے، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا مستقل سنٹر بنے۔ اس کے ساتھ ساتھ مرکزی وزارت تعلیم کے شعبۂ NCPUL دہلی اور DOAEC چندیگڑھ کے تعاون سے کمپیوٹر سنٹر کا قیام عمل میں آچکا ہے، جہاں سے طلبہ کمپیوٹر کی سند حاصل کرسکتے ہیں۔

# جامعہ سے ملحق مدارس

۱-المدرسۃ السلفیۃ، پرسا، گوپال گنج، بہار

۲-الجامعۃ الاسلامیۃ اکبر پور، جمنی

۳-جامعہ مصباح العلوم، کیونجھر، اڑیسہ

۴-مدرسہ چشمۂ حیات، رہٹی، جونپور

۵-مدرسہ احیاء السنۃ، بجرڈیہہ، بنارس

۶-مدرسہ دار الہدی، جلالی پورہ، بنارس

۷-جامعہ دار السلام، پھلوریا، سدھارتھ نگر، یوپی

۸-دار العلوم اہلحدیث، جودھپور، راجستھان

۹-المدرسۃ الاحمدیۃ السلفیۃ، آرہ، بہار

۱۰-الجامعۃ الاسلامیۃ خیر العلوم، ڈومریا گنج، سدھارتھ نگر

۱۱-الکلیۃ الاسلامیۃ، تلسی پور، بلرامپور

۱۲-الجامعۃ العربیۃ مظہر العلوم، اوسان کوئیاں، سدھارتھ نگر

۱۳-معہد مفتاح العلوم، بھٹ پرا، سدھارتھ نگر

۱۴-جامعہ ضیاء العلوم، گردہیا، سدھارتھ نگر

۱۵-مدرسہ ضیاء العلوم، جگواٹی، کٹیہار، بہار

۱۶-مدرسہ دار السلام الرحمانیۃ، بیگم پور، پورنیہ، بہار

۱۷-المدرسۃ المحمدیۃ العربیۃ، ہگلی، بنگال

۱۸-الجامعۃ المحمدیۃ نصرۃ الاسلام، شنکر نگر، بلرامپور

۱۹-معہد السنۃ، گینسڑی، بلرامپور

۲۰-مرکز تحفیظ القرآن والدعوۃ السلفیۃ، سدھارتھ نگر

۲۱-مدرسہ زید بن ثابت، سانتھا بازار، سنت کبیر نگر

۲۲-المعہد الاسلامی انوار العلوم گنجہڑا، سدھارتھ نگر

۲۳-المعہد الاسلامی اکرہرا، سدھارتھ نگر

۲۴-جامعہ دار السلام، ڈنگرا گھاٹ، بہار

۲۵-الجمعیۃ الرحمانیۃ، مدھوپور بہار

۲۶-مدرسہ محمدیہ عربیہ، ٹانڈہ، بریلی

۲۷-جامعہ دار النصیحہ، گجرات

۲۸-جامعہ رشیدیہ سلفیہ، ارریہ، بہار

# دارالاقامۃ اور مطعم

بیرونی طلبہ کے قیام کے لئے جامعہ کے احاطہ کے اندر دارالاقامہ کا انتظام ہے، دارالاقامۃ کے کمرہ کے اندر کی صفائی اور نظم ونسق طالب علم کی ذمہ داری ہوتی ہے، ایک کمرہ میں حسب گنجائش طلبہ رکھے جاتے ہیں، ہر کمرہ میں ایک مانیٹر متعین ہوتا ہے، نیز ان کے اخلاق وکردار کی نگرانی اساتذہ کرتے ہیں۔

جامعہ میں مطعم کا انتظام ہے جہاں سے ناشتہ اور دووقت کا کھانا غیر مستطیع طلبہ کے لئے مفت فراہم کیا جاتا ہے، جامعہ کے اندر ایک کینٹین بھی ہے جہاں کھانے پینے اور روزمرہ کے استعمال کی ضروری اشیاء ملتی ہیں۔

**دارالاقامہ** میں رہنے کے لئے طالب علم کو مندرجہ ذیل چیزوں کا انتظام خود کرنا ہوگا، جن کی حفاظت کی ذمہ داری اس کی ہوگی۔

**۱-کھانا کھانے کے لئے برتن** (جامعہ میں ہر کمرہ کے تمام طلبہ کا کھانا ایک ساتھ بڑے برتن میں پہنچایا جاتا ہے، طلبہ اس سے اپنے برتن میں نکال کر کھاتے ہیں)

**۲-موسم کے اعتبار** سے طالب علم کو اپنا لباس، بستر اور لحاف وغیرہ کا انتظام خود کرنا ہوگا۔

**جامعہ کے طلبہ کا یونیفارم:** جامعہ کے طلبہ کا یونیفارم ہلکا بادامی رنگ کا کرتا، سفید پائجامہ اور سفید ٹوپی ہے۔

روزمرہ کے نجی اخراجات کے لئے طلبہ اپنا پیسہ گھر سے منگاتے ہیں یا ساتھ لاتے ہیں، حفاظت کے مدنظر طلبہ کو زیادہ رقم اپنے پاس رکھنا منع ہے، جامعہ کے اکاؤنٹ آفس میں ان کی سہولت کے لئے بنک سسٹم قائم ہے، جہاں طلبہ اپنا پیسہ جمع کرتے ہیں اور حسب ضرورت پاس بک اور واؤچر کے ذریعے نکال سکتے ہیں۔

مذہبی شہر ہونے کی وجہ سے بنارس ایک حساس شہر ہے، اس لئے طلبہ کو صرف عصر تا مغرب باہر جانے کی اجازت ہے، باقی اوقات میں حسب ضرورت اجازت لیکر باہر جاسکتے ہیں۔

جامعہ میں طلبہ کی صحت کی خاطر صفائی کا خاص خیال رکھا جاتا ہے، بیماری کی حالت میں قرب وجوار میں ہسپتال موجود ہیں، نادار طلبہ کا علاج جامعہ کی طرف سے ہوتا ہے۔

جامعہ کے صحن میں کھیل کود کے لئے والی بال کا انتظام ہے، گرمی کے دنوں میں کھلے صحن میں گھاس پر طلبہ کے پڑھنے کے لئے روشنی کا مناسب انتظام ہے، جامعہ میں پہلے پانی کی قلت اور پریشانی تھی، آج الحمدللہ پانی کی کوئی قلت نہیں ہے، پانچ سوفٹ گہری ٹیوب ویل سے صاف ستھرا اور عمدہ پانی دستیاب ہے، نیز واٹر فلٹر (Aqua Guard) لگایا گیا ہے اور ٹھنڈے پانی کی کئی مشینیں لگی ہوئی ہیں۔

# تعلیمی مراحل اور نصاب تعلیم

## تعلیمی مراحل

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | حفظ قرآن کریم | مدت تعلیم تین سال تقریبا |
| (۲) | تجوید وقراءت | مدت تعلیم دو سال |
| (۳) | ابتدائیہ | مدت تعلیم چھ سال |
| (۴) | متوسطہ | مدت تعلیم تین سال |
| (۵) | ثانویہ | مدت تعلیم دو سال |
| (۶) | عالمیت | مدت تعلیم دو سال |
| (۷) | فضیلت | مدت تعلیم تین سال |
| (۸) | تخصص | مدت تعلیم دو سال |
| (۹) | دکتوراہ (پی.ایچ.ڈی) | |

# الجامعة السلفية (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

## مرحلۂ متوسطہ

(۳۱-۱۴۳۰ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

## متوسطہ سال اول

| نمبر شمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | حفظ وترتیل | ازسورۃ الفجر تا سورۃ الناس | ۲ |
| ۲ | عربی ادب وقواعد | ۱-دروس اللغۃ ج۱<br>۲-منہاج العربیۃ ج۱ | ۳<br>۲ |
| ۳ | اردوزبان وقواعد | ۱-منتخبات جامعہ اردو ج۱ (نثر)<br>۲-منتخبات جامعہ اردو ج۱ (نظم)<br>۳-مختصر قواعد اردو | ۲<br>۳<br>۳ |
| ۴ | اردو نقل واملا وانشاء | (استاذ کی رہنمائی میں) | ۵ |
| ۵ | ہندی | (۱) भाषा किरण-1<br>(۲) نقل واملاء | ۳<br>۲ |
| ۶ | انگریزی | Honeysuckle for Class VI-۱<br>N.C.E.R.T.<br>New Light in General English VI -۲ | ۳<br>۲ |
| ۷ | تاریخ | ہماری تاریخ اور علم تمدن ج۱ | ۳ |
| ۸ | جغرافیہ | ہماری کرۂ زمین ج۱ (درجہ ۶ کے لئے) | ۲ |
| ۹ | سائنس | Science for Class VI<br>N.C.E.R.T. | ۲ |
| ۱۰ | ریاضی | Mathematics for Class VI<br>N.C.E.R.T. | ۳ |
| ۱۱ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

# الجامعة السلفیة (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

## مرحلۂ متوسطہ

(۳۱-۱۴۳۰ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

## متوسطہ سال دوم

| نمبر شمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | حفظ وترتیل | جزء عم نصف اول (ازسورۃ النبأ تا الغاشیۃ) | ۱ |
| ۲ | عقیدہ | صحیح اسلامی عقیدہ (حصہ اول) | ۲ |
| ۳ | سیرت | مہر نبوت | ۲ |
| ۴ | فقہ | تعلیم الصلاۃ | ۲ |
| ۵ | عربی ادب وانشاء | ۱-قصص النبیین ج ۱،۲<br>۲-معلم الانشاء ج ۱، از ابتدا تا تمرین ۴۴ | ۳<br>۳ |
| ۶ | عربی قواعد (نحو وصرف) | ۱-دروس اللغۃ العربیۃ ج ۲<br>۲-امین النحو<br>۳-امین الصرف | ۲<br>۵<br>۳ |
| ۷ | انگلش | ۱-Honeycomb for Class VII<br>N.C.E.R.T.<br>۲- New Light in General English vii | ۳<br>۲ |
| ۸ | ہندی | भाषा किरण - 2 | ۳ |
| ۹ | جغرافیہ | ہماری کرۂ زمین ج ۲ (درجہ ۷ کے لئے) | ۲ |
| ۱۰ | سائنس | Science for Class VII<br>N.C.E.R.T. | ۲ |
| ۱۱ | تاریخ | ہماری تاریخ اور علم تمدن ج ۲ | ۱ |
| ۱۲ | ریاضی | Mathematics for Class VII<br>N.C.E.R.T. | ۳ |
| ۱۳ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

## الجامعة السلفیة (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

### مرحلۂ متوسطہ

(۳۱-۱۴۳۰ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

### متوسطہ سال سوم

| نمبر شمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | حفظ وترتیل | جزء۲۹،نصف ثانی (سورۃ الجن تا المرسلات) | ۱ |
| ۲ | ترجمۃ معانی قرآن | جزء۲۹،۳۰ (سورۃ الملک تا الناس) | ۴ |
| ۳ | عقیدہ | صحیح اسلامی عقیدہ (حصہ دوم وسوم) | ۳ |
| ۴ | حفظ حدیث | چالیس منتخب حدیث کا ترجمہ وحفظ | ۱ |
| ۵ | عربی ادب وانشاء | ۱-القراءۃ الرشیدۃ ج۱<br>۲-معلم الانشاء ج۱ تمرین ۴۵ تا ۱۳۵ | ۳<br>۲ |
| ۶ | عربی قواعد (نحو وصرف) | ۱-دروس اللغۃ ج۳<br>۲-شرح مائۃ عامل<br>۳-کتاب النحو<br>۴-امین الصیغہ (نصف اول) | ۲<br>۳<br>۲<br>۳ |
| ۷ | انگلش | Honeydew for Class VIII-۱<br>N.C.E.R.T.<br>New Light in General English Part-3 -۲ | ۳<br>۲ |
| ۸ | ہندی | भाषा किरण - 3 | ۳ |
| ۹ | جغرافیہ | ہماری کرۂ زمین ج۳ (درجہ ۸ کے لئے) | ۲ |
| ۱۰ | سائنس | Science for Class VIII<br>N.C.E.R.T. | ۲ |
| ۱۱ | تاریخ | ہماری تاریخ اور علم تمدن ج۳ | ۱ |
| ۱۲ | ریاضی | Mathematics for Class VII<br>N.C.E.R.T. | ۳ |
| ۱۳ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

# الجامعة السلفية (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

## مرحلۂ ثانویہ

(۳۱-۱۴۳۰ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

## ثانویہ سال اول

| نمبر شمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | حفظ وترتیل | سورۃ الملک تا سورہ نوح | ۱ |
| ۲ | ترجمۃ معانی قرآن | از سورۃ الشوری تا سورۃ التحریم | ۴ |
| ۳ | حدیث | بلوغ المرام | ۴ |
| ۴ | اصول حدیث | بھجۃ النظر | ۱ |
| ۵ | سیرت | پیغمبر عالم (نصف اول) | ۳ |
| ۶ | تاریخ | تاریخ الامت (خلفاء راشدین) | ۲ |
| ۷ | عقیدہ | مادۃ العقیدۃ (للصف الاول الثانوی) | ۲ |
| ۸ | عربی ادب (نثر) | القراءۃ الرشیدۃ ج ۲ | ۳ |
| ۹ | عربی ادب (نظم) | ازھار العرب | ۳ |
| ۱۰ | انشاء | معلم الانشاء ج ۲، تمرین از ابتداء تا تمرین ۳۶ | ۲ |
| ۱۱ | نحو | ہدایۃ النحو (نصف اول، مع تمرینات النحو الواضح للثانویۃ) | ۵ |
| ۱۲ | صرف | امین الصیغہ (نصف ثانی) | ۳ |
| ۱۳ | انگلش | (i) English Reader ix<br>(ii) Supplementary Reader ix<br>(III) New Light in General English Grammar ix | ۳<br><br>۲ |
| ۱۴ | سائنس | ज्ञान विज्ञान 7 | ۲ |
| ۱۵ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

## الجامعة السلفية (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

### مرحلۂ ثانویہ

(۱۴۳۰-۳۱ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

## ثانویہ سال دوم

| نمبرشمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | حفظ وتجوید | (۱) سورۃ السجدۃ، ق، الواقعہ، الجمعۃ، المنافقون، الدھر (۲) ضیاء القراءت | بعد نماز مغرب روزانہ |
| ۲ | ترجمۂ معانی قرآن | ازسورۃ الفرقان تا سورۃ حم السجدۃ ختم | ۵ |
| ۳ | حدیث | مشکاۃ المصابیح ج ۱ | ۴ |
| ۴ | اصول حدیث | تحفۃ أھل الفکر | ۱ |
| ۵ | عقیدہ | مادۃ العقیدۃ (للصف الثانی الثانوی) | ۲ |
| ۶ | فقہ | الروضۃ الندیۃ ج ۱ (منتخبات) | ۳ |
| ۷ | اصول فقہ | تسہیل الوصول | ۲ |
| ۸ | عربی ادب (نظم) | دیوان الحماسہ، باب الادب | ۲ |
| ۹ | عربی ادب (نثر) | کلیلۃ ودمنۃ: باب الاسد والثور سے باب الحمامۃ المطوقۃ تک | ۲ |
| ۱۰ | انشاء | معلم الانشاء ج ۲، تمرین ۳۷ سے ۶۲ تک | ۱ |
| ۱۱ | نحو | ہدایۃ النحو (نصف ثانی، باب المبنی سے آخر تک،<br>مع تمرینات النحو الواضح للثانویۃ) | ۵ |
| ۱۲ | بلاغہ | دروس البلاغۃ | ۳ |
| ۱۳ | تاریخ | تاریخ الامت (خلافت بنی امیہ) | ۱ |
| ۱۴ | منطق | امین المنطق | ۲ |
| ۱۵ | سیرت | پیغمبر عالم (نصف ثانی) | مطالعہ واختبار |
| ۱۶ | انگلش | (i) English Reader for x<br>(ii) Supplementary Reader x<br>(III) New Light in General English Grammar for x | ۳<br><br>۲ |
| ۱۷ | سائنس | ज्ञान विज्ञान 8 | ۲ |
| ۱۸ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

# الجامعة السلفية (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

## مرحلۂ عالمیت

(۳۱-۱۴۳۰ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

## عالمیت سال اول

| نمبرشمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | تفسیر | تفسیر الجلالین (سورۃ البقرۃ تا سورۃ الاعراف آٹھویں پارہ تک) | ۵ |
| ۲ | حدیث | مشکاۃ المصابیح ج ۲ | ۵ |
| ۳ | اصول حدیث | من أطیب المنح | ۲ |
| ۴ | عقیدہ | مادۃ العقیدۃ (للصف الثالث الثانوی) | ۳ |
| ۵ | فقہ | الروضۃ الندیۃ ج ۲ (منتخبات) | ۵ |
| ۶ | عربی ادب | مجموعۃ من النظم والنثر | ۴ |
| ۷ | انشاء | معلم الانشاء ج ۲، تمرین ۶۳ سے ختم کتاب | ۱ |
| ۸ | بلاغت | البلاغۃ الواضحۃ (نصف اول) | ۳ |
| ۹ | عروض | امین الکافی | ۲ |
| ۱۰ | نحو | القواعد العربیۃ المیسرۃ ج ۱ | ۵ |
| ۱۱ | انگلش | (i) Intermediate English Prose<br>(ii) Intermediate English Poetry<br>(iii) Intermediate Short Stories<br>(iv) A Practical Guide to English Grammar (K.P. Thakur) | ۳<br><br><br>۲ |
| ۱۲ | تاریخ | تاریخ الامت (بنی عباسیہ، نصف اول ۳۳۳ھ) | مطالعہ واختبار |
| ۱۳ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

# الجامعة السلفية (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

## مرحلۂ عالمیت

(۳۱-۱۴۳۰ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

## عالمیت سال دوم

| نمبر شمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | تفسیر | تیسیر العلی القدیر (سورۃ الانفال تا سورہ طٰہٰ ختم) | ۴ |
| ۲ | اصول تفسیر | الفوز الکبیر | ۱ |
| ۳ | حدیث | ۱-سنن ترمذی ج۱<br>۲-سنن نسائی ج۲ | ۴<br>۵ |
| ۴ | اصول حدیث | نزھۃ النظر | ۳ |
| ۵ | عقیدہ | شرح العقیدۃ الواسطیۃ | ۱ |
| ۶ | فقہ | فقہ السنۃ (منتخب ابواب) | ۳ |
| ۷ | اصول فقہ | امتاع العقول | ۲ |
| ۸ | فرائض | تیسیر الفرائض | ۲ |
| ۹ | عربی ادب (نثر) | مختارات ج۲ (نصف آخر) | ۲ |
| ۱۰ | عربی ادب (نظم) | المعلقات السبع (معلقہ زھیر ولبید وعمرو بن کلثوم) | ۲ |
| ۱۱ | انشاء | معلم الانشاء ج۳ (از ابتداء تا تمرین ۴۰) | ۱ |
| ۱۲ | بلاغت | البلاغۃ الواضحۃ (نصف ثانی) | ۲ |
| ۱۳ | نحو | القواعد العربیۃ المیسرۃ ج۲ | ۲ |
| ۱۴ | تاریخ ادب عربی | انتخاب از کتاب: تاریخ ادب عربی، ڈاکٹر مقتدی حسن ازہری | ۱ |
| ۱۵ | انگلش | (i) Intermediate English Prose<br>(ii) Intermediate English Poetry<br>(iii) Intermediate Short Stories<br>(iv) A Practical Guide to English Grammar (K.P. Thakur) | ۳<br>۲ |
| ۱۶ | تاریخ | تاریخ الامت (بنی عباسیہ نصف ثانی) | مطالعہ واختبار |
| ۱۷ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| ۱۸ | مقالہ | مشرف کی نگرانی میں (کم سے کم ۴۰ صفحہ) | |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

الجامعة السلفیة (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

## مرحلۂ فضیلت

(۳۱-۱۴۳۰ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

## فضیلت سال اول

| نمبر شمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | تفسیر | فتح القدیر (سورۃ الانبیاء تا سورۃ الشعراء ختم) | ۵ |
| ۲ | حدیث | ۱-سنن ابی داود ج ۱<br>۲-موطأ امام مالک | ۵<br>۵ |
| ۳ | تخریج الحدیث | تحفۃ التخریج | ۳ |
| ۴ | تاریخ ادب عربی | تاریخ الادب العربی للزیات | ۵ |
| ۵ | ادیان وفرق | دراسات......د/ضیاء الرحمٰن الاعظمی، البریلویۃ، احسان الٰہی ظہیر | ۵ |
| ۶ | جرح وتعدیل | ارشاد النبیل الی الجرح والتعدیل | ۲ |
| ۷ | اصول حدیث | الباعث الحثیث | ۳ |
| ۸ | دفاع عن السنۃ | مذکرۃ فی الدفاع عن السنۃ | ۲ |
| ۹ | انگلش | (i) Practical English Prose and Verse (Edited by G.E.B.Coe)<br>(ii) Arms and the Man<br>(iii) The Mayor of Casterbridge<br>(iv) How To write correct English | ۳<br><br><br><br>۲ |
| ۱۰ | تاریخ | دور اندلس | مطالعہ واختبار |
| ۱۱ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

الجامعة السلفیة (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

## مرحلۂ فضیلت

(۳۱-۱۴۳۰ھ=۱۰-۲۰۰۹ء)

## فضیلت سال دوم

| نمبر شمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | تفسیر | منتخبات از کتب: تفسیر البیضاوی، تفسیر الرازی، وتفسیر المنار | ۵ |
| ۲ | علوم القرآن | فتح المنان | ۴ |
| ۳ | حدیث | ۱-صحیح بخاری ج۱<br>۲-صحیح مسلم ج۱ | ۵<br>۵ |
| ۴ | اصول حدیث | تدریب الراوی ج۱ | ۲ |
| ۵ | عقیدہ | شرح العقیدۃ الطحاویۃ (نصف اول) | ۳ |
| ۶ | فقہ | بدایۃ المجتہد ج۱ (منتخبات) | ۳ |
| ۷ | اصول فقہ | اصول الفقہ للخلاف | ۲ |
| ۸ | فلسفۂ تاریخ | مقدمہ ابن خلدون | ۵ |
| ۹ | جرنلزم | مذکرة فی الصحافة | ۱ |
| ۱۰ | انگلش | (i) Selections in English Prose<br>(ii) A Book of English Verse<br>(iii) Macbeth<br>(iv) Oliver Twist | ۳<br>۲ |
| ۱۱ | تاریخ | دور عثمانی | برائے مطالعہ |
| ۱۲ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

## الجامعة السلفية (مرکزی دارالعلوم) بنارس

# نصاب تعلیم

### مرحلۂ فضیلت

(۱۴۳۰-۳۱ھ=۲۰۰۹-۱۰ء)

## فضیلت سال سوم

| نمبر شمار | مضمون | مقررہ کتاب/اجزاء | ہفتہ میں گھنٹیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | تاریخ التفسیر | التفسیر والمفسرون (منتخبات) | ۵ |
| ۲ | حدیث | ۱-صحیح بخاری ج۲<br>۲-صحیح مسلم ج۲ | ۵<br>۵ |
| ۳ | اصول حدیث | تدریب الراوی ج۲ | ۲ |
| ۴ | عقیدہ | شرح العقیدۃ الطحاویۃ (نصف ثانی) | ۳ |
| ۵ | فقہ | بدایۃ المجتہد ج۲ (منتخبات) | ۳ |
| ۶ | تاریخ الفقہ | تاریخ التشریع الاسلامی | ۲ |
| ۷ | اسرار شریعت | حجۃ اللہ البالغۃ | ۳ |
| ۸ | مناہج بحث وطرق تدریس | مذکرۃ من اعداد المدرس | ۵ |
| ۹ | اصول الدعوۃ | انتخاب از اصول الدعوۃ-زیدان | ۲ |
| ۱۰ | انگلش | (i) Selections in English Prose<br>(ii) A Book of English Verse<br>(iii) Macbeth<br>(iv) Oliver Twist | ۳<br>۲ |
| ۱۱ | فقہ السیرۃ | انتخاب از رحمۃ للعالمین | مطالعہ واختبار |
| ۱۲ | خطابہ | | ہر جمعرات کو |
| ۱۳ | مقالہ | مشرف کی نگرانی میں (کم سے کم ۶۰ صفحہ) | |
| | | | ۴۰/گھنٹیاں |

# جامعہ کا تعلیمی سال

جامعہ کا نیا تعلیمی سال ۱۰-۲۰۰۹ء مطابق ۱۴۳۰ھ ۱۱/اگست ۲۰۰۹ء مطابق ۱۹/شعبان ۱۴۳۰ھ سے شروع ہوگا، اور ۲۷/مئی ۲۰۱۰ء مطابق ۱۱/جمادی الاخری ۱۴۳۱ھ کو ختم ہوگا۔

پھر ۱۱-۲۰۱۰ء سے تعلیمی سال یکم جولائی سے شروع ہوا کرے گا، ان شاءاللہ۔

جامعہ میں موسم کا لحاظ کرتے ہوئے تعلیم کے اوقات حسب ذیل مقرر کئے گئے ہیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم اپریل | تا | ۳۰/ستمبر | صبح | ۴۵-۶ | تا | ۴۵-۱۲ | بجے تک |
| یکم اکتوبر | تا | ۱۹/دسمبر | ” | ۱۵-۷ | تا | ۴۵-۱۲ | ” |
| ۲۰/دسمبر | تا | ۲۹/۲۸/فروری | ” | ۰۰-۸ | تا | ۲۰-۱ | ” |
| یکم مارچ | تا | ۳۱/مارچ | ” | ۱۵-۷ | تا | ۴۵-۱۲ | ” |

# قواعد داخلہ

(۱) جامعہ میں ہر سال گنجائش کے مطابق داخلہ کا اعلان کیا جاتا ہے، درمیان سال میں کوئی داخلہ نہیں ہوتا ہے، داخلہ حسب گنجائش صرف متوسطہ، ثانویہ، عالمیت، فضیلت، تجوید کے سال اول اور حفظ میں ہوتا ہے، عالم اول میں جامعہ کے ملحق مدارس سے آئے ہوئے طلبہ کے داخلے کے بعد حسب گنجائش نیا داخلہ دیا جاتا ہے۔

(۲) داخلہ تحریری وتقریری امتحان کے نتیجہ کی بنیاد پر ہوتا ہے۔

(۳) داخلہ کے خواہش مند امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ مقررہ تاریخ تک فارم درخواست داخلہ پُر کر کے ارسال کردے اور جامعہ کی طرف سے اجازت نامہ (Admit Card) موصول ہونے پر ہی امتحان داخلہ کے لئے اجازت نامہ نیز مطلوبہ کاغذات کے ساتھ وقت پر حاضر ہو۔

(۴) داخلہ فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات منسلک کرنا ضروری ہے۔

۱-متعلقہ مرحلہ کی مارکشیٹ اور سند کی مصدقہ کاپی

۲-برتھ سرٹیفیکٹ (مصدقہ کاپی) (تاریخ پیدائش کے ثبوت کے لئے)

۳-اپنے علاقہ کے کسی معروف اہلحدیث عالم یا مقامی جمعیت اہلحدیث کا تصدیق نامہ (رہائشی پتہ اور چال چلن کی تصدیق کے لئے)

(۵) جامعہ کی طرف سے اعلان شدہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے فارم پر غور نہیں ہوگا۔

(٦) داخلہ منظور ہونے کے بعد داخلہ رجسٹریشن (Enrolment No.) کے لئے ایک دوسرا فارم پُر کرنا ہوتا ہے جس کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات جمع کرنے کے بعد شناختی کارڈ Identity Card ایشو ہوگا۔

۱-متعلقہ تعلیمی مرحلہ کی سرٹیفیکٹ (مصدقہ کاپی) ۲-متعلقہ تعلیمی مرحلہ کی مارکشیٹ (مصدقہ کاپی)

۳-ٹی سی (اوریجنل) ۴-کیریکٹر سرٹیفیکیٹ (اوریجنل)

۵-چار عدد پاسپورٹ سائز فوٹو (2×3 cm) (سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ)

٦-شہریت کا ثبوت (مصدقہ کاپی) بیرونی طلبہ کے لئے

۷-گھر کے پتہ کا ثبوت (پاسپورٹ، راشن کارڈ، مکان ٹیکس، بجلی یا ٹیلیفون بل کی رسید (مصدقہ کاپی) یا پردھان، بی.ڈی.او. کا تصدیق نامہ (اوریجنل)

**نوٹ**: مصدقہ کاپی کے لئے اصل کاغذات دکھانا ضروری ہوگا۔

(۷) داخلہ کے بعد جامعہ سے مسلسل ایک ہفتہ بغیر اطلاع کے غیر حاضر رہنے والے طالب علم کا داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔

(۸) مختلف تعلیمی مراحل میں داخلہ کے لئے مطلوب صلاحیت اور زیادہ سے زیادہ عمر:

| | | |
|---|---|---|
| ۱- برائے متوسطہ اولی | پرائمری پاس | عمر ۱۲/سال |
| ۲- برائے ثانویہ | جامعہ سے متوسطہ یا مساوی نصاب پاس | عمر ۱۵/سال |
| ۳- برائے عالمیت اولی | جامعہ سے ثانویہ یا مساوی نصاب پاس | عمر ۱۷/سال |
| ۴- برائے فضیلت اولی | جامعہ سے عالمیت یا مساوی نصاب پاس | عمر ۲۰/سال |

(۹) کسی طالب علم کے کاغذات فرضی یا جعلی پائے گئے تو اس کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا اور اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔

(۱۰) جامعہ کو حق حاصل ہے کہ کسی بھی طالب علم کا داخلہ خفیہ رپورٹ کی بنیاد پر بلا سبب بتائے ہوئے رد کر دے، اس پر طالب علم اور اس کے سرپرست کو اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں ہوگا۔

(۱۱) اگر کسی وجہ سے داخلہ نہیں ہوتا ہے یا داخلہ رد کیا جاتا ہے تو جمع شدہ رقم یا کاغذات واپس نہیں کئے جائیں گے۔

(۱۲) ایک سال کے فارم کو دوسرے سال کے لئے منظور نہیں کیا جائے گا، اگر کوئی درخواست دہندہ فارم وقت پر جمع نہ کر سکا تو اسے دوسرے سال کے لئے نیا فارم حاصل کرنا ہوگا۔

(۱۳) داخلہ رجسٹریشن (Enrolemnt) کے بعد طالب علم کی تاریخ پیدائش، نام، ولدیت اور دیگر معلومات میں تبدیلی کی درخواست قبول نہیں کی جائے گی، اس لئے درخواست دہندہ کو اچھی طرح جانچ کر فارم پُر کرنا چاہئے اور انگریزی میں Spelling وغیرہ چیک کر کے بڑے حروف (Capital Letter) میں بھرنا چاہئے تاکہ آئندہ وہ پریشانی سے محفوظ رہے۔

# داخلہ امتحان کی تیاری کے لئے رہنما خطوط

داخلہ امتحان دو مرحلوں میں ہوگا، پہلا تحریری، دوسرا تقریری، تحریری امتحان کا صرف ایک پرچہ ہوگا، جس میں مندرجہ ذیل مراحل سے متعلق تمام مضامین کے سوالات ہوں گے، تحریری پرچہ کا مقررہ نمبر (٦٠) ہوگا اور تقریری امتحان کا مقررہ نمبر (۴٠) ہوگا، تحریری امتحان میں تمام سوالات کے نمبر مساوی ہوں گے، تحریری امتحان کے بعد نتیجہ نوٹس بورڈ پر چسپاں کر دیا جاتا ہے، حسب گنجائش میرٹ کی بنیاد پر طلبا کا انتخاب کیا جاتا ہے اور منتخب لڑکوں کا ہی تقریری امتحان ہوتا ہے۔

امیدوار طلبہ داخلہ امتحان کی تیاری کے لئے مندرجہ ذیل کتابوں سے مدد لیں:

**برائے متوسطہ اولی:**

۱- مہر نبوت (قاضی سلیمان منصور پوریؒ) ۲- چمن اسلام حصہ ۴
۳- نماز اور روزمرہ کی دعائیں (تعلیم الصلاۃ) ۴- ریاضی (درجہ پنجم)
۵- ہندی و انگریزی (درجہ پنجم) ٦- معلومات عامہ (ابتدائی)

**برائے ثانویہ اولی:**

۱- ترجمۃ معانی قرآن (جزء ۲۹ و ۳٠)
۲- صحیح اسلامی عقیدہ حصہ دوم، سوم
۳- القراۃ الرشیدۃ ج۱، دروس اللغۃ ج ۳، معلم الانشاء ج ۱
۴- شرح مائۃ عامل، کتاب النحو، امین الصیغہ
۵- انگریزی (برائے درجہ ہفتم، این سی ای آر ٹی کے معیار کے مطابق)
٦- بھاشا کرن حصہ ۳
۷- سائنس (برائے درجہ ہفتم، این سی ای آر ٹی کے معیار کے مطابق)
۸- ریاضی (برائے درجہ ہفتم، این سی ای آر ٹی کے معیار کے مطابق)

**برائے عالمیت اولی:**

۱- مشکوۃ ج ۲ و اصول حدیث ۲- ترجمہ قرآن (السجدۃ تا حم السجدۃ)
۳- مادۃ العقیدۃ للصف الثانی الثانوی ۴- کلیلۃ ودمنۃ، الحماسۃ (باب الادب)، معلم الانشاء ج ۲
۵- امین المنطق ٦- پیغمبر عالم (نصف ثانی)
۷- ہدایۃ النحو (نصف آخر) ۸- انگریزی (برائے درجہ دہم، این سی ای آر ٹی کے معیار کے مطابق)
۹- سائنس (برائے درجہ ہشتم این سی ای آر ٹی کے معیار کے مطابق)

**برائے فضیلت اولی:**

۱-تیسیر العلی القدیر (انفال تا طہ) ۲-سنن ترمذی ج۱، وسنن نسائی ج۲، نزھۃ النظر

۳-شرح العقیدۃ الواسطیۃ ۴-فقہ السنۃ وامتاع العقول

۵-تیسیر الفرائض ۶-انتخاب تاریخ ادب عربی (للدکتور مقتدی حسن ازہری)

۷-مختارات ج۲، وسبعہ معلقہ (معلقہ زہیر ولبید وعمرو بن کلثوم)، معلم الانشاء ج۳ (از ابتدا تا تمرین ۴۰)

۸-القواعد العربیۃ المیسرۃ ج۲

۹- تاریخ الامت (بنو عباسیہ نصف ثانی)

۱۰-انگریزی (انٹرمیڈیٹ این سی ای آر ٹی کے معیار کے مطابق)

**برائے تجوید اول:**

۱-معرفۃ التجوید

۲-چمن اسلام حصہ۴ یا درجہ پنجم میں پڑھائی جانے والی کوئی اردو کی کتاب

۳-نماز اور روزمرہ کی دعائیں

# قواعد وضوابط امتحانات

(۱) سال میں دو امتحان (ششماہی اور سالانہ) ہوں گے۔

(۲) ششماہی امتحان ۴۰ نمبر کا اور سالانہ امتحان ۶۰ نمبر کا ہوگا۔

(۳) متوسطہ اور ثانویہ درجات کے پورے سال میں مزید چار ٹیسٹ ہوں گے۔ دو ششماہی سے قبل اور دو ششماہی کے بعد۔ ٹیسٹ کے نمبرات سالانہ نتائج میں جوڑ دئے جائیں گے۔

(۴) عالمیت سال آخر و فضیلت سال آخر میں سالانہ امتحان سے ایک ماہ قبل مقالہ جمع کرنا ضروری ہوگا، ورنہ طالب علم امتحان میں شریک نہ ہو سکے گا۔

(۵) امتحان میں شرکت کے لئے معقول عذر کے ساتھ ۸۰ فیصد حاضری لازمی ہے۔

(۶) کوئی طالب علم بغیر شناختی کارڈ امتحان میں شریک ہونے کا مجاز نہیں ہوگا۔

(۷) طالب علم کے لئے امتحان ہال میں ۱۵ منٹ پہلے پہنچنا ضروری ہے۔

(۸) امتحانی نظام کی خلاف ورزی قابل اخراج جرم ہے۔

(۹) نقل کرتے ہوئے پائے جانے پر طالب علم متعلقہ مضمون میں ناکام متصور ہوگا۔

(۱۰) کسی ایک مضمون میں ناکام طالب علم رعایۃً ترقی کا حقدار ہوگا۔

(۱۱) دو مضامین میں ناکام طالب علم ضمنی امتحان کا مجاز ہوگا، پاس ہونے کی صورت میں وہ ترقی کا مستحق ہوگا، اور ناکام ہونے پر اسی درجہ میں پڑھ سکتا ہے۔

(۱۲) دو سے زیادہ مضامین میں ناکام ہونے والے طالب علم کا جامعہ سے اخراج ہو جائے گا۔

(۱۳) بغیر کسی معقول عذر کے امتحان میں شریک نہ ہونے والے طالب علم کا جامعہ سے اخراج ہو جائے گا۔

(۱۴) منظور شدہ درخواست کی بنیاد پر ششماہی امتحان میں شریک نہ ہونے والا طالب علم سالانہ امتحان میں شریک ہو سکتا ہے لیکن اس کے لئے ۶۰ نمبر کے سوالات میں پاس ہونے کے لئے کم از کم ۳۳ نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔

(۱۵) درجات کامیابی:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱- | ممتاز | ۸۵٪ | - | ۱۰۰٪ |
| ۲- | جید جدا | ۶۰٪ | - | ۸۴٪ |
| ۳- | جید | ۴۵٪ | - | ۵۹٪ |
| ۴- | مقبول | ۳۳٪ | - | ۴۴٪ |
| ۵- | ناجح | (کسی ایک مضمون میں ناکام طالب علم ناجح ہوگا) | | |

# لائبریری اور درسی کتابوں کی فراہمی

- جامعہ میں ہر طالب علم کو داخلہ منظور ہونے کے بعد لائبریری سے نصاب کی کتابیں فراہم کی جاتی ہیں، جس کی حفاظت کی ذمہ داری طالب علم پر ہوتی ہے، اگر کسی طالب علم سے کتاب گُم ہو جائے یا کتاب کو نقصان پہنچے تو طالب علم کو اس کی قیمت ادا کرنا ہوگی۔ سال کے اختتام پر امتحان کے بعد طالب علم کو کتابیں لائبریری میں واپس کرنا لازمی ہے، عدم تعمیل کی صورت میں اس کا نتیجہ روک لیا جائے گا۔
- جامعہ میں مکتبہ سلفیہ تجاریہ ہے جہاں درسی وغیر درسی کتابیں طالب علم کو رعایتی قیمت پر فراہم کی جاتی ہیں۔
- ندوۃ الطلبہ کی اپنی لائبریری ہے جہاں سے طلبہ کے لئے برائے مطالعہ کتابیں ایشو ہوتی ہیں۔
- جامعہ سلفیہ کی مرکزی لائبریری میں مختلف موضوعات پر کتابوں کا ایک بڑا ذخیرہ ہے نیز موسوعات (انسائیکلو پیڈیا) متعدد زبانوں کے لغات اور معاجم موجود ہیں، طلبہ لائبریری میں بیٹھ کر ان کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ مقالہ نگاری اور ریسرچ کے لئے طلبہ کو خاص رعایتیں حاصل ہیں، نیز لائبریری کے اندر کمپیوٹر سیکشن میں ایسے پروگرام مہیا ہیں جن سے طلبہ کسی موضوع یا حوالہ کو آسانی سے تلاش کر سکتے ہیں۔
- لائبریری میں جرائد و اخبار کا شعبہ بھی ہے جہاں سو سے زائد مختلف زبان کے روزنامے اور جرائد آتے ہیں۔
- مرکزی لائبریری کھلنے کا وقت صبح ۸/ بجے سے ۱/ بجے تک پھر عصر بعد تا نماز عشاء ہے۔

# جامعہ کے طلبہ کے لئے ضابطۂ اخلاق

۱- تمام طلبہ پر جامعہ کے اصول وضوابط کی پابندی لازمی ہے، جن کی خلاف ورزی قابل مواخذہ جرم ہے، جو طالب علم ان کی خلاف ورزی کرتا ہوا پایا جائے گا اس کے خلاف تادیبی کارروائی ہوگی نیز اس کا جامعہ سے اخراج ہوسکتا ہے۔

۲- نماز باجماعت میں شرکت ہر طالب علم کے لئے ضروری ہے، جماعت کے وقت طالب علم کا مسجد سے باہر پایا جانا قابل مواخذہ جرم ہے۔

۳- شرعی وضع قطع اور جملہ اسلامی شعائر واحکام کی پابندی طلبہ کے لئے ضروری ہے، نیز بیڑی سگریٹ، گٹکھا اور تمباکو نوشی کی سخت ممانعت ہے جو طالب علم اس کی مخالفت کرے گا، اس کو جامعہ سے نکال دیا جائے گا۔

۴- شیخ الجامعہ کی اجازت کے بغیر طلبہ کو کوئی جلسہ یا اجتماع کرنے یا جامعہ کے باہر کسی جلسہ میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

۵- کسی طالب علم کو کسی طرح کی تنظیم سے منسلک ہونے کی اجازت نہیں ہے اور دوران تعلیم ہر قسم کی سیاسی وغیر سیاسی تحریک میں حصہ لینا ممنوع ہے، اگر کوئی طالب علم اس کی خلاف ورزی کرے گا تو اس کا جامعہ سے اخراج ہو جائے گا۔

۶- طلبہ شہر میں بلا وجہ سیر وتفریح کے لئے نہ جائیں، بالخصوص مشتبہ وحساس جگہوں پر جانے سے پرہیز کریں، عصر ومغرب کے درمیان جامعہ کا گیٹ کھلا رہتا ہے، تاکہ وہ اپنی ضروریات پوری کرلیں، دیگر اوقات میں ضروری کاموں سے باہر جانے کے لئے شیخ الجامعہ یا نگراں استاذ سے تحریری درخواست پر اجازت لینی ہوگی۔ اگر کوئی طالب علم بلا اجازت جامعہ کے باہر رہ گیا یا غلط اور حساس جگہ پر پایا گیا تو اس کے خلاف کارروائی ہوگی اور اس کا اخراج بھی ہوسکتا ہے۔

۷- ہر طالب علم پر لازمی ہے کہ جامعہ کا شناختی کارڈ ہمہ وقت اپنے ساتھ رکھے اور گیٹ پر یا جب اس سے مطالبہ ہو اس کو دکھائے۔

۸- طلبہ اپنے پاس روزمرہ کے ضروری اخراجات سے زائد پیسہ نہ رکھیں، اگر کسی طالب علم کے پاس زائد رقم ہو تو اس کو ''طلبہ اکاؤنٹ'' میں جمع کرکے پاس بک پر چڑھوالے اور حسب ضرورت پیسہ نکال کر استعمال کرے، اگر کسی طالب علم کے پاس روزمرہ کی ضرورت سے زائد بڑی رقم ملے گی تو اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔

۹- کوئی طالب علم شیخ الجامعہ/ ناظر دارالاقامہ کی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی رشتہ دار یا مہمان کو جامعہ میں نہیں ٹھہرا سکتا ہے۔

۱۰- جامعہ کے اندر کسی طالب علم کو موبائل فون اور ریڈیو رکھنے کی اجازت نہیں ہے، فون کے لئے طلبہ جامعہ کے اندر موجود PCO کا استعمال کریں۔

۱۱- طلبہ کی ذمہ داری ہے کہ دارالاقامہ کو صاف ستھرا رکھیں، اور اچھا ماحول بنانے کی کوشش کریں، بجلی کے سامان اور دیگر اشیاء کی حفاظت بھی ضروری ہے، سامان ٹوٹنے یا خراب ہونے پر اُس کی اصلاح ومرمت کی ذمہ داری طلبہ ہی پر ہوگی، یہ بھی واضح رہے کہ الکٹرک پریس اور ہیٹر کا استعمال ممنوع ہے، جامعہ کے اندر دھوبی متعین ہے جو رعایتی در پر کپڑوں پر پریس کرتا ہے، اپنے کپڑوں پر اسی سے پریس کرائیں۔

۱۲- تعلیم کے اوقات میں طلبہ کلاس روم میں حاضر رہیں، میدان یا گزرگاہوں پہ جمع نہ ہوں۔

۱۳- جامعہ میں قیام کے دوران طلبہ اپنی تعلیم سے دلچسپی رکھیں، جامعہ سے باہر ٹیوشن، کوچنگ یا کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

# خط وکتابت کے لئے پتہ وفون نمبر


**Department of Admission**

**AL-JAMIA-TUS-SALAFIAH**

( Markazi Darul Uloom )

B. 18 / 1 G, Jamiah Salafiah Road,

Reori Talab, VARANASI - 221010

U.P. ( INDIA )

**Department of Admission**

Phone No: +91 - 542 - 2452241*27

E-mail: admission@aljamiatussalafiah.org

Phone No: +91 - 542 - 2452241 / 2452242 / 2451492

Fax No.: +91 - 542 - 2452243 / 2452013

Grams : " Darululoom " Varanasi - INDIA

E-mail : jamia@aljamiatussalafiah.org

Website: www.aljamiatussalafiah.org